P-22
ڈاکٹر عبدالمنان طرزی
دربھنگہ، بہار، انڈیا

ڈاکٹر سید تقی عابدی کی نذر

اے دیدۂ دیدہ وراں، اے شمعِ بزمِ ناقداں
اے افتخارِ عاقلاں، عجزِ مسلّمۂ نکتہ داں

اے رازدارِ آگہی، داناۓ لطفِ باطنی
اے نازشِ دیوانگی، اے شاہدِ دانشوراں

ہے ذات تیری بالیقیں، ایسی نگارش کی امیں
جس کی فصاحت ہے زمیں، جس کی بلاغت آسماں

فکر و نظر کو ہے تری جن سے بصیرت کچھ ملی
بیشک دبیر و میر انیس ہیں تاجِ فرقِ شاعراں

ہے دفترِ صد آگہی، گنجینۂ دانشوری
ہر کاوشِ علمی تری اپنی جگہ نقشِ گراں

شاداب کشتِ علم و فن سعیِ مسلسل سے ہے گر
کیا کیا ہیں شاخِ سدرہ پر تیرے قلم کے آشیاں

ایجاز ہے گنجِ گہر، تفصیل ہے روشن سحر
ہر صفحہ شاخِ باثمر، اوراق ہیں باغِ جناں

تالیفِ تازہ طرزی نے تیری پڑھی سید تقی!
احساس کو اظہار کی ہے مل گئی شعری زباں

محترمی! السلام علیکم
میں آپ کی کتاب پڑھنے کے بعد آج ہی کچھ اشعار ہوئے۔ پیشِ خدمت ہیں۔
"تارِ نظر" پر مضمون اِس فیکس نمبر پر ہندوستانی وقت کے مطابق ۳ بجے سہ پہر سے ۱۰ بجے شب تک۔
06272-235748
طرزی

[illegible]